NHS
Greater Glasgow and Clyde

# WestMARC نیچے کے عضو کا مصنوعی نعم البدل – استعمال کے لیے ہدایات

(WestMARC Lower Limb Prosthesis – Instructions for Use– URDU)

## آپ کا مصنوعی عضو:

آپ کا مصنوعی عضو ایک ساکٹ، ساکٹ سے جڑے ہوئے اجزاء اور نیچے کے ایک پاؤں سے بنا ہوتا ہے۔

ساکٹ عضو کا وہ حصہ ہوتا ہے جس کے اندر آپ کا اسٹمپ (یا بقایا عضو) داخل ہوتا ہے۔ آپ کے لیے تجویز کردہنسخے پر انحصار کرتے ہوئے یہ مختلف ڈیزائنوں میں آ سکتا ہے۔ ہر ایک کے لیے دیگر اجزاء اور پاؤں مختلف ہوتے ہیں۔ آپ کا نسخہ آپ کے جسمانی وزن، اسٹمپ کی شکل اور مصروفیت کی سطح پر منحصر ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کا عضو دیگر افراد سے جن کو آپ دیکھتے ہوں مختلف ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کے گھٹنے کا جوڑ لگا ہو تو یہ یا تو آپ کے چلنے پر بند ہو جائے گا یا جب آپ چلیں گے تو حرکت کے لیے آزاد ہو گا۔ دونوں اقسام کے گھٹنے آپ کے بیٹھنے کے لیے مڑ سکتے ہیں۔

**پنڈلی کی ہڈی کا مصنوعی عضو**



**کوُلھے کی ہَڈی کا مصنوعی عضو**



## مطلوبہ استعمال:

آپ کو اپنی مرضی کے مطابق تیار کردہ WestMARC مصنوعی عضو فراہم کیا گیا ہے۔ عضو ایک حسب ضرورت ساکٹ اور خصوصی طور پر منتخب کردہ اجزاء کی ایک سیریز پر مشتمل ہوتا ہے۔ ساکٹ اور عضو آپ کے کام، نقل و حرکت اور آرام کو بڑھانے کے لیے فراہم کیے گئے ہیں۔

عضو کو آپ کے منفرد اسٹمپ کی شکل، مصروفیت کی سطح، جسمانی وزن اور طرز زندگی کی بنیاد پر آپ کے لیے حسب ضرورت بنایا گیا ہوتا ہے۔ اس کو کوئی دوسرا شخص استعمال نہیں کر سکتا۔ اس کو کسی بھی صورت دوبارہ استعمال، ری سائیکل یا دوسرے مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

## آپ کے مصنوعی عضو کا ماہر:

آپ کے عضو کا نامزد کردہ ماہر:___________________________

ہم اس امر کو یقینی بنانے کی کوشش کریں گے کہ آپ کے لیے تفویض کردہ مصنوعی عضو کا ماہر آپ کا جائزہ لے، تاہم، ایسے مواقع آسکتے ہیں جہاں آپ کو مصنوعی عضو کے کسی دوسرے ماہر سے معائنہ کروانا پڑے۔

## خطرات:

ہم آپ کو آپ کا عضو دینے سے قبل آپ کے فزیوتھراپی کے ماہر کے ساتھ درج ذیل خطرات کے بارے میں بات چیت کریں گے۔

- نچلے اعضاء پر کسی بھی مصنوعی عضو کا پہننا آپ کے چلنے کے انداز (جس طرح سے آپ چلتے ہیں) کو تبدیل کر سکتا ہے اور یہ آپ کے عضلاتی نظام پر طویل مدتی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ اس سے بچنے کے لیے ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ فزیوتھراپی میں حصہ لیں۔
- آپ کو اپنے اسٹمپ کا بھی خیال رکھنے کی ضرورت ہے کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ جلد یا نرم ٹشو کے خراب ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔
- اٹک کر گرنے کا اضافی خطرہ موجود رہتا ہے۔

## وارننگ:

| | |
|---|---|
| ! | یہ عضو بحالی کے پیشہ ور فرد کی طرف سے تجویز کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہیں کی جانی چاہئے۔ تمام ایڈجسٹمنٹس بحالی کے پیشہ ور شخص کی طرف سے انجام دی جانی چاہئیں۔ |
| ! | اس عضو کو استعمال کرتے ہوئے ٹھوکر لگنے اور گرنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ عضو کو صرف اس وقت استعمال کریں جب آپ نے بحالی کے پیشہ ور افراد سے کافی تربیت حاصل کر لی ہو۔ |
| ! | یہ عضو پانی میں ڈوبنے یا پانی لگنے سے بری طرح متاثر ہو سکتا ہے۔ براہ کرم اس کاغذ پر 'انگریس پروٹیکشن' کے بارے میں رہنمائی ملاحظہ فرمائیں۔ |
| ! | زیادہ بلند درجہ حرارت کی وجہ سے اس عضو کا بری طرح سے متاثر ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ |
| ! | اگر ملحقہ باکس پر ٹک لگا ہوا ہو تو آپ کا عضو ایک 'ہائبرڈ عضو' ہے جو کہ متعدد مینوفیکچررز کے اجزاء کے ساتھ بنایا جاتا ہے لہذا اس وجہ سے اس کا بار بار جائزہ لیا جائے گا اور اس کی سروس کی جائے گی۔ ☐ |

**ان صورتوں میں اپنے عضو کا استعمال بند کریں (اور معائنے کی درخواست کریں)جب:**

- یہ عضو ایک ہی جگہ پر ضرورت سے زیادہ تکلیف کا سبب بنتا ہو۔
- میٹریل ٹوٹ پھوٹ جائے یا خراب ہو جائے۔
- ساکٹ عضو کے دوسرے اجزاء پر مضبوطی سے نصب نہ ہوتی ہو۔
- آپ کا جسمانی وزن_____________ کلوگرام سے زیادہ ہو جائے (اگر آپ کا وزن اس سطح سے زیادہ ہو تو آپ کے عضو کے اجزاء غیر محفوظ ہوں گے)۔

## اپنے مصنوعی اعضاء کے ماہر سے جائزہ لینے کی درخواست کب کریں:

- آپ کے جسم کے وزن میں اہم تبدیلیاں۔
- کسی بھی طرح کی نئی سرگرمی کو متعارف کرانے پر غور کرنا۔
- آپ کا ساکٹ بہت ڈھیلا یا تنگ محسوس ہوتا ہے۔
- حال ہی میں عضو نے آپ کے چلنے پھرنے کے انداز کو بدل دیا ہو۔
- حال ہی میں آپ گر گئے تھے جس کو آپ عضو سے منسوب کرتے ہیں۔

## صفائی اور دیکھ بھال:

آپ کا مصنوعی عضو عام طور پر کئی اجزاء کے ایک ساتھ جڑے ہوئے حصوں پر مشمل ہوتا ہے اور بعض اوقات اسے فوم اور نائلون کی جرابوں سے ڈھانپا جاتا ہے۔ آپ کی جلد کے ساتھ براہ راست رابطے کا حصہ ساکٹ ہوتی ہے لہذا یہ ضروری ہے کہ آپ اس کو صاف رکھیں۔ آپ کو باقاعدگی سے ساکٹ کو اندر سے صابن والے کپڑے سے صاف کرنا چاہیے اور پھر دھو کر خشک کریں۔ اگر آپ کے پاس فوم کا اندرونی لائنر ہو تو آپ کو اسے اسی طرح صاف کرنا چاہیے۔ اگر آپ کے پاس سلیکون یا جیل لائنر ہے تو آپ کو اسے اندر سے باہر کرنا، دھونا، خشک کرنا چاہیے اور پھر اسے محفوظ کرنے کے لیے سیدھا کر دینا چاہیے۔اگر آپ کا عضو کاسمیٹک جرابوں سے ڈھکا ہوا ہو تو آپ انہیں ہٹا سکتے ہیں اور معمول کے مطابق دھو سکتے ہیں۔ آپ کو ہلکے صابن یا کلینزر کا استعمال کرنا چاہئے کیونکہ کچھ لوگوں پر خوشبو والی مصنوعات کا رد عمل ہو سکتا ہے۔

## استعمال میں نہ ہونے پر محفوظ رکھنا:

یہ فرض کیا گیا ہے کہ آپ اپنے اعضاء کو باقاعدگی سے استعمال کریں گے۔ اگر کسی بھی وجہ سے آپ کو اسے 7 دنوں سے زیادہ دیر تک محفوظ رکھنے کی ضرورت پیش آئے توآپ کو اسےپلاسٹک کے تھیلے میں رکھنے سے قبل جس میں یہ فراہم کیا گیا تھا صاف اور خشک کرنا چاہیے۔ آپ کو اسے محفوظ اور ٹھنڈی جگہ پر سیدھا رکھنا چاہیے جہاں نمی کے سامنےکا امکان نہ ہو۔

## تلف کرنا:

آپ کا عضو این ایچ ایس گریٹر گلاسگو اور کلائیڈ کی ملکیت ہے۔ اگر آپ کسی بھی وجہ سے عضو کو ضائع کرنا چاہتے ہوں تو آپ کو اسے WestMARC کو واپس کرنا ہوگا۔

**اضافی معلومات:**

آپ کے مصنوعی عضو کا ماہر آپ کو آپ کے عضو میں استعمال ہونے والی انفرادی اجزاء سے متعلق اضافی معلومات فراہم کرے گا۔ آپ کے مصنوعی عضو کے نسخے کی بنیاد پر آپ کے پاس درج ذیل اضافی معلوماتی کتابچے ہونے چاہئیں (براہ کرم نشان لگائیں):

| | | | |
|---|---|---|---|
| جزو کے بارے میں مخصوص (ایم پی کے) | ☐ | کاسمیٹک عضو | ☐ |
| بالائی عضو | ☐ | پانی والا عضو | ☐ |
| ٹرانزٹیبئل ساکٹ فٹ | ☐ | پیڈیاٹرک عضو | ☐ |
| ٹرانسفیومرل ساکٹ فٹ | ☐ | گھٹنوں کی آستین | ☐ |
| لائنر لیفلیٹ | ☐ | ایس ایس پی ایس | ☐ |

**آپ کے عضو کے دخُول کی حفاظتی درجہ بندی (مصنوعی ماہر نے آئی پی درجہ بندی کی نشاندہی کرنی ہے):**

| خلل اندازی سے تحفظ | | نمی سے حفاظت | |
|---|---|---|---|
| 5. دھول کے خلاف جزوی تحفظ جو سامان کو نقصان پہنچا سکتا ہو۔ | | 4. تمام اطراف سے پانی کے چھینٹوں سے حفاظت۔ کم از کم 10 منٹ کے لیے ایک ارتعاشی سپرے کے ساتھ ٹیسٹ کیا گیا (کسی نقصان دہ اثرات کے بغیر محدود دخول کی اجازت ہے)۔ | |
| 6. دھول سے مکمل طور پر محفوظ۔ دھول اور دیگر ذرات کےخلاف مکمل تحفظ، بشمول ویکیوم سیل، ہوا کے مسلسل بہاؤ کےخلاف آزمایا گیا ہے۔ | | 5. کسی بھی زاویے سے کم دباؤ والے جیٹس (6.3 ملی میٹر) کے ذریعے چھوڑے گئے پانی سے تحفظ (کسی نقصان دہ اثرات کے بغیر محدود دخول ہو سکتا ہے)۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| | 6. ہائی پریشر جیٹس کے خلاف براہ راست<br>تحفظ۔ | |
| | 7. 15 سینٹی میٹر اور 1 میٹر کی گہرائی کے<br>درمیان 30 منٹ تک مکمل ڈوبنے کے<br>خلاف تحفظ (کسی بھی<br>نقصان دہ اثرات کے بغیر محدود دخول ہو<br>سکتا ہے)۔ | |
| | 8. دباؤ کے تحت کافی دیر تک پانی میں<br>رہنے سے محفوظ۔ | |

**رابطے کی تفصیلات:**

**WestMARC [ویسٹ مارک]**

کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہاسپیٹل، 1345 گوون روڈ
گلاسگو
G51 4TF

کھلنے کے اوقات: سوموار تا جمعہ - صبح کے8:30 بجے تا شام کے 4:30 بجے تک

ٹیلیفون: **0300 790 0129**
(سوموار تا جمعہ: صبح کے 8:45 بجے تا شام کے 4:15 بجے تک)۔
اگر فون لائنز مصروف ہوں تو آنسر فون دستیاب ہے۔

**ویب سائیٹ:**
www.nhsggc.org.uk/your-health/health-services/westmarc

**ای میل:** westmarc@ggc.scot.nhs.uk

**ایر ہاسپیٹل (سیٹلائٹ آف WestMARC)**

یونیورسٹی ہاسپیٹل ایر فزیوتھراپی
ڈیپارٹمنٹ ڈیلملینگٹن روڈ
ایر

KA6 6DX

ٹیلیفون: فزیوتھراپی کے بارے میں مشورے یا اسٹمپ جرابوں کے لیے
**01292 610 555**

(کلینک اپائنٹمنٹس یا دیگر ملحقات کی درخواست کرنے کے لیے ویسٹ مارک کا یہ نمبر
**0129 790 0300** استعمال کریں)